پیش لفظ

فیکلٹی آف اسلامک لرننگ نے تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ تحقیقی کاموں کو بھی اپنا ہدف بنایا اور تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے ایک تحقیقی مجلّہ ۱۹۷۵ء میں پہلی مرتبہ شائع کیا اور اس وقت سے لے کر مختلف ادوار میں یہ تحقیقی مجلّہ شائع ہوتا رہا اور قارئین کے لیے یہ بات خوش آئیند ہے کہ اس کا باقاعدہ ISSN 2073-5146 ہے۔

مجلس ادارت کی ابتداء سے ہی یہ کوشش رہی کہ مجلّہ ''علوم اسلامیہ'' علمی و تحقیقی حلقوں میں نمایاں مقام حاصل کرے۔ اس تناظر میں پاکستان اور بیرون ملک ارباب دانش سے رابطے کیے گئے اور ان سے قلمی تعاون کی درخواست کی گئی۔ اس سلسلہ میں بہت سے ارباب دانش نے اپنی آراء پیش کیں اور یہ ساری آراء مجلس مشاورت کے سامنے رکھی گئیں۔ مشاورت کے بعد مجلس ادارت نے متفقہ طور پر درج ذیل فیصلہ کیا۔

اس فیصلہ کی رو سے مجلّہ میں ان مضامین کو خاص طور پر شامل کیا گیا جو خاص عربی زبان وادب سے متعلق ہیں اسی فیصلہ کی رو سے طے کیا گیا کہ مجلّہ علوم اسلامیہ کا اگلا شمارہ خالصتاً اسلامیات سے متعلق مضامین کی اشاعت کرے گا۔

زیر نظر مجلّہ تین زبانوں اردو، عربی اور انگریزی کے مقالات پر مشتمل ہے۔ مجلّہ علوم اسلامیہ کو اس مقام تک پہنچانے اور اس کے تحقیقی معیار کو برقرار رکھنے کا سہرا یقیناً ہمارے معزز مقالہ نگار حضرات، قومی و بین الاقوامی مجلس مشاورت اور اسلامیہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر محترم ڈاکٹر محمد مختار کے سر ہے۔ مجلّہ علوم اسلامیہ کو زیادہ سے زیادہ بہتر بنانے کے لیے آپ کی آراء کا انتظار رہے گا۔

مدیر اعلیٰ

پروفیسر ڈاکٹر سلیم طارق خان

ڈین فیکلٹی آف اسلامک لرننگ